2097-کیا کمپنی کی مشہوری والی اشیاء ملازم رکھ سکتا ہے

سوال

مجھے یہ بتائیں کہ جس کمپنی میں ہم ملازم ہیں اس کی مشہوری والی بعض اشیاء (مثلا فائلیں، اور قلمیں وغیرہ الخ) جو ہمیں مفت حاصل ہوتی ہیں ہم خود یا ہمارے دوست واحباب رکھ سکتے ہیں، کیا یہ حلال ہیں ؟

پسندیدہ جواب

جس کمپنی میں آپ ملازم ہیں اگر اس نے یہ اشیاء آپ کو اپنی ملکیت میں لانے کے لیے دی ہیں تو یہ اشیاء لینے اور استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ یہ اشیاء مباح اور جائز ہوں.

اور اگر کمپنی نے آپ کو یہ اشیاء کمپنی سے باہر دوسرے لوگوں میں مشہوری اور تقسیم کے لیے دی ہیں تو پھر اس حالت میں آپ کا ان اشیاء میں کوئی حق نہیں، لیکن اگر وہ آپ کو اس کی اجازت دے دیں تو پھر جائز ہیں.

واللہ اعلم.